سورة النّاس

Chapter 114 — Human beings

آیات 6

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے جو سنورنے والوں کی مرحلہ وار اور قدم بہ قدم مدد و رہنمائی کرتے ہوئے انہیں ان کے کمال تک لے جانے والا ہے (وہ یہ آگاہی دے رہا ہے کہ)!

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ ﴿۱﴾

1- میں تسلیم کرتا ہوں اور اعلان کرتا ہوں! کہ میں (صرف اس رب) کی پناہ طلب کرتا ہوں جو سارے انسانوں کی نشو ونما کرنے والا ہے۔

مَلِکِ النَّاسِ ﴿۲﴾

2- (اور یہ وہ رب ہے) جس کا اختیار و اقتدار سارے انسانوں پر ہے۔

اِلٰہِ النَّاسِ ﴿۳﴾

3- (اور یہ وہ اِلٰہ ہے) جس کی پرستش و اطاعت کرنے کے سارے انسان پابند ہیں۔

مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ ۬ۙ الۡخَنَّاسِ ﴿۴﴾

4- (لہٰذا، اے میرے رب! مجھے محفوظ کرلینا) ایسی قوتوں کے شر سے جو بڑی خاموشی سے خوف و اندیشے والے بُرے خیالات پیدا کرکے لوٹ جاتی ہیں۔

الَّذِیۡ یُوَسۡوِسُ فِیۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ ﴿۵﴾

5- (اور) یہ قوتیں انسانوں کے سینے میں یعنی انسانوں کی دانش و احساسات میں خوف و اندیشے ڈالنے والی ہیں۔

مِنَ الۡجِنَّۃِ وَ النَّاسِ ﴿۶﴾

ع 1 6 39

6- (شر کی ایسی قوتوں کا تعلق) جنّوں سے بھی ہے اور انسانوں سے بھی ہے (اس لئے اے سارے جہانوں کو نشو ونما دینے والے مجھے شر کی تمام قوتوں سے محفوظ کرلینا اور اپنی پناہ میں لئے رکھنا)۔